اگر ان کتابچوں کی افریقی مسلمانوں اور یہاں کے انگریزی سکولوں کے طلباء میں اشاعت کی جائے تو یہ سلسلہ کافی حد تک مفید ثابت ہو سکتا ہے۔ پہلے اور دوسرے حصے کی قیمت ۱ روپیہ، تیسرے کی ڈیڑھ روپیہ اور چوتھے کی سوا دو روپے ہے۔

---

**نور الاسلام (انگریزی)** زیر ادارت جناب علامہ علاؤالدین صدیقی صاحب۔ سالانہ چندہ پاکستان کے لیے دس روپے اور بیرونی ممالک کے لیے چار ڈالر یا ایک پونڈ سٹرلنگ۔ مرکز اشاعت: ورلڈ مشن آف اسلام۔ اسلامک سنٹر، شاہ چراغ، دی مال، لاہور (مغربی پاکستان)

یہ مفید ماہنامہ غیر مسلموں کو اسلام سے روشناس کرانے اور مسلمانوں کو دین کی بنیادی تعلیمات سے بہرہ مند کرنے کے لیے جاری کیا گیا ہے۔ مضامین میں خاصا تنوّع اور اُن کا اندازِ بیان بڑا ہلکا پھلکا ہے۔ انگریزی میں مسلمانوں کے ہاں اس وقت جو تبلیغی ادب شائع ہو رہا ہے اُس میں یہ مجلّہ قابلِ قدر اضافہ ہے۔

---

**عزیز بھٹی شہید** تالیف: اصغر علی گھرال ایڈووکیٹ۔ شائع کردہ: مکتبہ الوکیل، گجرات۔

میجر عزیز بھٹی مرحوم پر، جنہوں نے ۱۹۶۵ء میں بھارت کے ناپاک عزائم کو ناکام بنانے میں محاذِ جنگ پر جان کی بازی لگا دی، بہت کچھ لکھا جا چکا ہے۔ لیکن جس جامعیت کے ساتھ جناب اصغر علی گھرال صاحب نے اُن کی زندگی کی جیتی جاگتی تصویر پیش کی ہے وہ اُنہی کا حصّہ ہے۔ کتاب کو پڑھتے ہوئے یُوں محسوس ہوتا ہے کہ ہم ایک زندہ انسان کے خیالات اُس کی اپنی زبان سے سُن رہے ہیں، اس کے طرزِ عمل اور اس کی بھرپور زندگی کی حرکات و سکنات کا مشاہدہ خود اپنی آنکھوں سے کر رہے ہیں۔ کتاب کا اندازِ بیان دلچسپ، واقعات کی تصویر کشی مسحور کن اور حالات کی ترتیب عمدہ ہے۔ اسے پڑھ کر مرحوم کی نہ صرف شخصیت کا ہر گوشہ سامنے آجاتا ہے بلکہ اُس کے ساتھ محبت اور احترام کا گوناگوں تعلق بھی قائم ہو جاتا ہے۔